22756-حرام کردہ اشیاء کی فروخت والی ویب سائٹ کی ڈیزائننگ

سوال

میں انٹرنیٹ صفحات ڈیزائنر ہوں، میں نے ان آخری ایام میں ایک گاہک کا صفحہ ڈیزائن کیا ہے جو سی ڈی فروخت کرتا ہے، اور امریکہ میں اسکی موسیقی اور گانے وغیرہ کی کیسٹوں کی دوکان ہے، میں نے اسے اس کی ویب سائٹ چلانے اور اس کی مشہوری کی معلومات فراہم کی ہیں، تو کیا اس طرح کی ویب سائٹ کی ڈیزائننگ اور ان ویب سائٹ کے مالک حضرات کا تعاون کرنا جائز ہے تاکہ وہ اسے انٹرنیٹ پر نشر کرسکے ؟

پسندیدہ جواب

شرعی قاعدہ اور اصول ہے کہ جب اللہ تعالی کسی چیز کو حرام کرتے ہیں تو اس کی قیمت بھی حرام ہوجاتی ہے، گانا بجانا اور موسیقی حرام ہے، اور یہ کام جائز نہیں اس کی دلیل بخاری شریف کی مندرجہ ذیل حدیث ہے :

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

"میری امت کے کچھ لوگ ایسے ہونگے جو زنا اور ریشم اور شراب اور گانے بجانے کو حلال کرلیں گے "

گانے بجانے کی حرمت کے دلائل مکمل شرح وبسط کے ساتھ اس جگہ کے علاوہ بیان کیے جاچکے ہیں، اس کی تفصیل کے لیے آپ سوال نمبر (5011) اور (5000) کے جوابات کا مطالعہ کریں.

میرے بھائی جب آپ کے لیے ان اشیاء کی حرمت واضح ہوگئی ہے تو پھر حرام اشیاء پر تعاون کرنا جائز نہیں کیونکہ اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے :

.{اور تم برائی وگناہ اور ظلم وزیادتی میں ایک دوسرے کا تعاون مت کرو}.

آپ کو چاہیے کہ حلال تلاش کریں، اور حرام کاموں سے اجتناب کریں اور اسی طرح اللہ تعالی کی حرام کردہ میں دوسروں کا تعاون نہ کریں، کیونکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

"بلاشبہ اللہ تعالی پاکیزہ ہے اور وہ پاکیزہ کے علاوہ کچھ بھی قبول نہیں فرماتا"

اور پھر اللہ تعالی نے مومنوں کو بھی وہی حکم دیا ہے جو رسولوں کو دیا، فرمان باری تعالی ہے :

.{اے رسولو! پاکیزہ اشیاء میں سے کھاءو اور صالح اور نیک اعمال کیا کرو، بلاشبہ میں تمہارے اعمال کو دیکھ رہا ہوں}.المومنون (51).

اور ایک دوسرے مقام پر ارشاد فرمایا :

.{اے ایمان والو! ہم نے جو تمہیں پاکیزہ رزق دے رکھا ہے وہ کھاؤ اور اللہ تعالی کا شکر ادا کرو، اگر تم اسی کی عبادت کرتے ہو}.البقرۃ (172).

الشیخ ڈاکٹر خالد بن علی المشیقح.

لہذا ہم آپ کو نصیحت کرتے ہیں کہ آپ اس طرح کی ویب سائٹ والوں کے ساتھ کام کرنا ترک کر دیں، کیونکہ ان حرام ویب سائیٹس کو بنانے اور ڈیزائن کرنے سے جو مال حاصل ہو گا وہ حرام ہے، اور یہی حرام کمائی ہے.

اور پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

"حرام کمائی سے بنا ہوا گوشت آگ کا زیادہ حقدار ہے"

جامع ترمذی حدیث نمبر (558) علامہ البانی رحمہ اللہ تعالی نے صحیح ترمذی حدیث نمبر (501) میں اسے صحیح قرار دیا ہے.

واللہ اعلم.